عربی گفتگو نامہ
یعنی عربی بول چال
مرتبہ:
مولانا مشتاق احمد چرتھاولی
دار الاشاعت
اردو بازار - کراچی ۱
فون ۲۶۳۱۸۶۱

طبع اول : ۱۴۱۳ھ

باہتمام : جلیل اشرف

طباعت : احمد پرنٹنگ کارپوریشن، کراچی

ملنے کے پتے:

دارالاشاعت اردو بازار کراچی ۱

ادارۃ المعارف دارالعلوم کراچی ۱۴

مکتبہ دارالعلوم دارالعلوم کراچی ۱۴

ادارۃ القرآن ریلسٹریٹ لسبیلہ کراچی ۵

بیت القرآن اردو بازار کراچی ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ۝

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
تو کون ہے ؟	مَنْ أَنْتَ ؟
تیرا کیا نام ہے ؟	مَا اسْمُكَ ؟
یہاں آ	تَعَالَ هُنَا
وہاں جا	رُحْ هُنَاكَ
تو کہاں سے آیا ؟	مِنْ أَيْنَ جِئْتَ ؟
تو کیوں آیا ؟	لِمَ جِئْتَ ؟
تیرا کیا حال ہے ؟	كَيْفَ حَالُكَ ؟
تیرا گھر کہاں ہے ؟	أَيْنَ دَارُكَ ؟
میرے پاس بیٹھ	اِجْلِسْ عِنْدِيْ
میرے قریب بیٹھ	اُدْنُ مِنِّيْ ۔ تَقَرَّبْ إِلَيَّ
آرام سے بیٹھ	اِجْلِسْ مُسْتَرِيْحًا
ٹھیک بیٹھ	اِجْلِسْ سَوِيًّا
کھل کر بیٹھ	اِجْلِسْ مُتَفَسِّحًا
تو کہاں جاتا ہے ؟	أَيْنَ تَذْهَبُ ؟ أَيْنَ تَرُوْحُ ؟
میں پیاسا ہوں	أَنَا عَطْشَانُ
پانی لا	جِئْ مُوَيَةً ۔ اِيْتِ بِالْمَاءِ
جلدی لا	جِئْ فَيْسَ رَجِيْ بِهٖ فِيْ سَاعَةٍ
	جِئْ عَاجِلًا
مجھے ٹھنڈا پانی پلا دو	اِسْقِنِيْ مَاءً بَارِدًا

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
گرم پانی مت پلا	لَا تَسْقِنِي مَاءً حَمِيمًا
تازہ پانی لا	جِئْ مَاءً طَرِيًّا
باسی روٹی مت کھا	لَا تَأْكُلْ خُبْزًا بَائِتًا
روکھی روٹی مت کھا	لَا تَأْكُلْ خُبْزًا قِفَارًا
سوکھی روٹی مت کھا	لَا تَأْكُلْ خُبْزًا جَافًّا
میں بھوکا ہوں	أَنَا جَائِعٌ - أَنَا سَاغِبٌ
مجھے کچھ کھلا	أَطْعِمْنِي شَيْئًا
میں سیر ہو گیا	شَبِعْتُ
میں سیر ہوں	أَنَا شَبْعَانُ
پانی گرم کر لے	حَمِّمِ الْمَاءَ
پانی ٹھنڈا کر لے	بَرِّدِ الْمَاءَ
پانی گرم ہو گیا	حُمَّ الْمَاءُ
پانی ٹھنڈا ہو گیا	بَرَدَ الْمَاءُ
چپ بیٹھ	اِجْلِسْ سَاكِتًا
آہستہ چل	اِمْشِ عَلَى هَوْنِكَ
تو کیا پڑھتا ہے	مَاذَا تَقْرَأُ؟
اپنا سبق پڑھتا ہوں	أَقْرَأُ دَرْسِي
تو بہت اٹکتا ہے	إِنَّكَ تَتَرَدَّدُ كَثِيرًا
بلند آواز سے پڑھ	اِقْرَأْ بِصَوْتٍ عَالٍ
میرے آتے ہی وہ بھاگ گیا	فَرَّ لَمَّا جِئْتُ
کیا ہو رہا ہے	مَاذَا جَرَى
علاوہ ازیں	فَضْلًا عَنْ ذٰلِكَ

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
آپ ٹھیک کہتے ہیں	اَلْحَقُّ مَعَكَ
آپ غلطی پر ہیں	اَلْحَقُّ عَلَيْكَ إِنَّكَ مُصِيبٌ
	إِنَّكَ مُخْطِئٌ
اب آپ نے ٹھیک بات کہی	اَلْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ
اس کو ایک طرف رکھ دو	ضَعْهُ جَانِبًا
ہمیشہ سے زیادہ	أَكْثَرَ مِنْ كُلِّ حِينٍ
چونکہ	بِمَا
چونکہ وہ	بِمَا أَنَّهُ
چنانچہ	كَمَا أَنَّهُ
جیسا مناسب ہو	كَمَا تَرَى
غالبا	عَلَى الْأَرْجَحِ
کم سے کم	عَلَى الْأَقَلِّ
جس طرح ہو سکے	كَيْفَ مَا أَمْكَنَ
جتنا ہو سکے	قَدْرَ مَا أَمْكَنَ
جتنی جلدی ہو سکے	بِأَسْرَعِ مَا يُمْكِنُ
اس کا کیا مطلب ہے	ماهو مالهٔ
خوش گوار مقام	اَلْمَكَانُ الْبَهِيجُ
آئندہ احتیاط رکھو	اِحْتَرِسْ مَرَّةً أُخْرٰى
ایسا پھر نہ کرنا	لَا عُدْتَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ
میرے سامنے سے دور ہو جا	اُخْرُجْ عَنْ أَمَامِي
میرے پاس جلدی آ	اِسْرَعْ إِلَيَّ
یہ افواہ غلط ہے	هٰذِهٖ خَبَرِيَّةٌ عَارِيَةٌ عَنِ الصِّحَّةِ

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
میں بھوک کے مارے مرا جاتا ہوں	إِنِّي أُوشِكُ أَنْ أَمُوتَ جُوعًا
اس کے بغیر میرا کام نہیں چل سکتا	لَسْتُ أَسْتَغْنِي عَنْهُ
اسے خوب پکڑ لے	اِقْبِضْ عَلَيْهِ جَيِّدًا
اُسے کم از کم ایک ماہ ہو گیا	صَارَ لَهُ عَلَى الْأَقَلِّ شَهْرٌ
آئندہ ماہ کے وسط یا آخر میں	قُرْبَ مُنْتَصَفِ او اخر الشهر انفاذ
میں اپنے کام میں مصروف ہوں	أَنَا مَشْغُولٌ جِدًّا بِفَرْضِي
میں نے اس کام کو پورا کر لیا	إِنِّي أَنْهَيْتُ هٰذَا الشُّغْلَ بِالتَّمَامِ
تم مجھ پر جھوٹا الزام لگاتے ہو	أَنْتَ تَشْتَكِي عَلَيَّ زُوْرًا
بیسواں صفحہ نکالو	اِفْتَحِ الْوَجْهَ الْعِشْرِيْنَ
میرا چاقو اچھی طرح نہیں چلتا	مُوسِيْنِي لَيْسَتْ حَادَّةً لِكِفَايَةٍ
اس کی دھار کند ہے	حَدُّهَا مُنْثَلِمٌ
میرا قلم ٹوٹا ہوا ہے	رِيْشَتِي مَكْسُوْرَةٌ
میرا قلم خراب ہے	رِيْشَتِي مُعَطَّلَةٌ
آپ کو سخت چاہیے یا نرم	أَتُرِيْدُ قَاسِيًا أَمْ لَيِّنًا
ہوا میری ٹوپی لے اڑی	الرِّيْحُ حَمَلَتْ قَلَنْسُوَتِي
کیا ڈھونڈھتا ہے	عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ تُفَتِّشُ
آمدنی کم ہو گئی	قَلَّ الْمَدْخُوْلُ
خرچ زیادہ ہو گیا	كَثُرَ الْمَصْرُوْفُ
میں نے پرانے کرتہ کو پیوند لگایا	رَقَّعْتُ الْقَمِيْصَ الْعَتِيْقَ
میں تم سے خوش ہوں	أَنَا رَاضٍ عَنْكَ
وہ تم سے ناراض ہے	هُوَ سَاخِطٌ مِنْكَ
بہتر یہ ہے کہ تم اسے لے لو	اَلْأَوْفَقُ أَنْ تَأْخُذَهُ

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
یہ کام تمہارے لائق نہیں ہے	هٰذَا لَا يَلِيْقُ بِشَأْنِكُمْ
یہ آپ ہی کے لئے مناسب ہے	هٰذَا لَا يَصْلُحُ إِلَّا لَكَ
تمہارے نزدیک اس کی کیا قیمت ہے	بِكَمْ يُسَاوِي عِنْدَكُمْ
مجھے اس کا علم نہیں۔ میں نے آپ سے واقعی بات کہی	لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ۔ مَا قُلْتُ لَكَ إِلَّا بِالْجِدِّ
میں تمہیں صلاح دیتا ہوں کہ یہ کام نہ کرو	أُشِيْرُ عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوْا ذٰلِكَ
میں آپ سے معذرت کرتا ہوں	أَعْتَذِرُ إِلَيْكُمْ
مجھے اس پر افسوس ہے	أَنَا مُتَأَسِّفٌ عَلَيْهِ
مجھے تم پر بہت افسوس ہے	يَا أَسَفِي عَلَيْكَ۔ يَا لَهْفِي عَلَيْكَ
چھتری بند کر	رَجِّعِ الشَّمْسِيَّةَ إِلٰى مَكَانِهَا
میں اچانک داخل ہوا	دخلتُ فی الصّدفةِ
بلی نے بچے کے کھسوٹ لیا	خَرْمَشَتِ الْهِرَّةُ الصَّبِيَّ
اس کا چال اچھا نہیں	إِنَّ سُلُوْكَهُ غَيْرُ جَيِّدٍ
میں اس کا چال چلن پسند نہیں کرتا	لَسْتُ أَسْتَصْوِبُ سُلُوْكَهُ
میں اس کی شیخی نکال دوں گا۔	سَأُذَلِّلُ كِبْرِيَاءَهُ
میں نے اس کو ایک طمانچہ سے گرا دیا	رَمَيْتُهُ طَرِيْحًا بِلَطْمَةٍ وَاحِدَةٍ
منگنی ٹوٹ گئی	اِنْفَسَخَتِ الْخِطْبَةُ
آفتاب کی کرنیں بلند ہو گئیں	سَطَعَتْ أَشِعَّةُ الشَّمْسِ
میں اپنے ساتھ پیسے نہیں لایا ہوں	لَسْتُ أَحْمِلُ مَعِي فُلُوْسًا
اس کے ساتھ نرمی سے معاملہ کیجیے	يَجِبُ أَنْ تُعَامِلَهُ بِالرِّقَّةِ
ایک بلی ایک چوہے کے پیچھے بھاگی۔	عَدَتِ الْهِرَّةُ عَلَى الْفَأْرِ

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
چوہا زور سے کودا اور دیوار کے سوراخ میں گھس گیا	وَثَبَ الفَأرُ وُثبَةً شَدِيدَةً وَدَخَلَ فِي جَوفِ الحَائِطِ
ایک کتّے نے بلی کو دیکھا اور اس پر جھپٹا	رَأَى الكَلبُ الهِرَّةَ وَهَجَمَ عَلَيهَا
بلی دیوار پر چڑھی	رَقَّتِ الهِرَّةُ عَلَى الجِدَارِ
کھیتی کاٹنے کے قابل ہوگئی	اِستَحصَدَ الزَّرعُ
شاید اس کے مالک کل کاٹنا شروع کر دیں گے	لَعَلَّ أَهلَهُ يَشرَعُونَ الحَصَادَ فِي غَدٍ
مارے مارے پھرنے سے بچ	إِيَّاكَ وَالهَيَمَانَ
میں نے اس سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی	مَا رَأَيتُ شَيئًا أَجمَلَ مِنهُ
ہم یہی چاہتے تھے۔	هٰذَا مَا كُنَّا نَبغِي
میں آپ کا بہت ممنون ہوں	إِنِّي فِي غَايَةِ الاِمتِنَانِ لِجَنَابِكُم
میں آپ کا پروردہ ہوں	إِنِّي غَرسُ يَدِكَ
میں آپ کے ساتھ نیک گمان رکھتا ہوں	إِنِّي أُحسِنُ الظَّنَّ بِكُم
تہمت کی جگہ سے بچو	اِتَّقُوا مَوَاضِعَ التُّهَمِ
کاش میں ان کے ساتھ ہوتا	يَا لَيتَنِي كُنتُ مَعَهُم
گرمی کا موسم ختم ہوگیا	اِنتَهَى زَمَانُ الصَّيفِ
میں آپ کی ملاقات سے خوش ہوا	لَقَد سَرَّتنِي رُؤيَتُكُم
مجھے امید ہے کہ آپ مجھے معاف کردیں گے	أَرجُو أَن تَعفُوَ عَنِّي
تم غلطی پر ہو اور میں راستی پر ہوں	أَنتَ مُخطِئٌ وَأَنَا مُصِيبٌ
میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں کہ پھر کبھی ایسا نہ کرنا	أُنَبِّهُكَ أَن لَا تَعُودَ لِمِثلِهِ أَبَدًا

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
تم ملامت کے مستحق ہو	أَنتَ تَستَحِقُّ اللَّومَ
وہ اپنے کمرے میں اکیلا ہے	هُوَ مُنفَرِدٌ فِي أُوضَتِهِ
میں اپنے مطلب کی انتہا کو پہنچ گیا	لَقَد بَلَغتُ غَايَةَ مَرَامِي
مجھے اکیلا رہنے دو	دَعنِي وَحدِي
مجھے اپنے حال پر رہنے دو	دَعنِي وَشَأنِي
انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو دیکھے	يَنبَغِي لِلمَرءِ أَن يُلَاحِظَ نَفسَهُ
میں گمان نہیں کرتا کہ تم اس میں کامیاب ہو	لَا أَظُنُّ أَنَّكَ تَفُوزُ بِهِ
میں ایک ضروری معاملہ میں آپ سے مشورہ چاہتا ہوں	أَستَشِيرُكُم فِي قَضِيَّةٍ مُهِمَّةٍ۔
مجھے اس کا کچھ غم نہیں	لَا يُهِمُّنِي ذٰلِكَ
آپ بے فکر رہیے	كُن مُستَرِيحَ الفِكرِ
یہ میرے متعلق نہیں	هٰذَا لَا يَتَعَلَّقُ بِي
یہ میرا کام نہیں ہے	لَيسَ هٰذَا شُغلِي
یہ کام کی نہیں	هٰذَا لَا يَصلُحُ لِشَيءٍ
بہتر ہے کہ اس کو واپس کردو	الأَحسَنُ أَن تَرُدَّهُ
اس کے ہاں مہمان آیا	نَزَلَ بِهِ ضَيفٌ
اس کے مہمان نے اجازت چاہی	اِستَأذَنَ عَلَيهِ ضَيفٌ
یہ ذکر کے لائق نہیں ہے	هٰذَا لَا يَستَحِقُّ الذِّكرَ
میرے بھائی کو کل بخار ہوگیا	حُمَّ أَخِي بِالأَمسِ
آج وہ رو بصحت ہے	اَليَومَ هُوَ مُقبِلٌ عَلَى الصِّحَّةِ
یہ بات شہر میں جا بجا مشہور ہے	هٰذَا شَائِعٌ فِي جَمِيعِ أَنحَاءِ المَدِينَةِ
ہر شخص اس کی تعریف سے عاجز ہے	كُلُّ مَادِحٍ قَاصِرٌ عَن مَدَاحِهِ

اردو	عربی
اس کو میرے پاس لاؤ	عَلَيَّ بِهٖ
یہ بڑے شرم کی بات ہے	هٰذَا عَارٌ عَلَيْكَ
میں تہ دل سے چاہتا ہوں	أُرِيْدُ مِنْ صَمِيْمِ الْقَلْبِ
بھائی تمہیں خدا کی قسم	بِاللّٰهِ عَلَيْكَ يَا أَخِيْ
کیا میرا آنا تمہیں ناگوار معلوم ہوتا ہے	أَيَسُوْءُكُمْ مَجِيْئِيْ - الايغظكم وُرُوْدِيْ
آج مجھ پر استاد صاحب بہت خفا ہوئے	اَلْيَوْمَ غَضِبَ عَلَيَّ حَضْرَةُ الْأُسْتَاذِ
یہاں تک کہ ان کی آنکھیں سرخ ہوگئیں	غَضَبًا شَدِيْدًا حَتّٰى احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ
تو غیر حاضر بہت رہتا ہوگا	لَعَلَّكَ تَغِيْبُ فِيْ أَكْثَرِ الْأَيَّامِ
اس مہینے میں تو زیادہ غیر حاضر رہا	غِبْتَ فِيْ أَكْثَرِ هٰذَا الشَّهْرِ
تو دیر میں کیوں آتا ہے	لِمَ تَجِيْءُ مُتَأَخِّرًا
میں اپنی طرف سے دیر نہیں کرتا	أَنَا لَا أَتَأَخَّرُ مِنْ جِهَتِيْ
پھر کیا بات ہے۔	فَمَا ذَا بَعْدَ ذٰلِكَ
ناشتہ سویرے تیار نہیں ہوتا	لَا يَتَهَيَّأُ الْفُطُوْرُ بَاكِرًا
کیا میں نمائش میں جا سکتا ہوں	أَيُمْكِنُ أَنْ أَسِيْرَ الى المعرض
وہاں چیزیں ارزاں بکتی ہیں	تُبَاعُ الْأَشْيَاءُ هُنَاكَ رَخِيْصَةً
یہ ڈبیہ کتنے میں لائے	بِكَمْ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ الْعُلْبَةَ
تین آنے میں۔ بہت گراں ہے	بِثَلَاثِ آنَاتٍ - غَالِيَةٌ بِالْمَرَّةِ
یہاں ہر چیز گراں بکتی ہے	كُلُّ شَيْءٍ يُبَاعُ هٰهُنَا غَالِيًا
کیا یہ سائیکل کرایہ پر مل سکتی ہے	أَتُكْرٰى هٰذِهِ الدَّرَّاجَةُ
فی گھنٹہ کیا کرایہ ہے	كَمْ أُجْرَةً لِكُلِّ سَاعَةٍ
تو کیوں اس کا ہاتھ پکڑے کھڑا ہے	لِمَ أَنْتَ قَائِمٌ آخِذًا بِيَدِهٖ
اس نے مجھے دھوکا دیا ہے۔	إِنَّ هٰذَا خَدَعَنِيْ -

اردو	عربی
اُس نے مجھے دھکا دیا	إِنَّ هٰذَا صَدَمَنِيْ
میرے چوٹ لگی ہے	فَأَصَابَتْنِيْ ضَرْبَةٌ
وہ کتاب کہاں جس کے دینے کا مجھ سے وعدہ کیا تھا	أَيْنَ الْكِتَابُ الَّذِيْ وَعَدْتَنِيْ لِإِعْطَائِهٖ إِيَّايَ؟
یہ جھوٹا وعدہ نہیں ہے	هٰذَا وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ
میں وہیں بھول آیا	جِئْتُ نَاسِيًا ثَمَّةَ
شام کو ضرور لاؤں گا	لَآتِيْ بِهٖ مَسَاءً
ایسا نہ ہو کہ وہاں سے کوئی چرا لے	لَا كَانَ يُسْرَقُ مِنْ هُنَاكَ
آج میں ایک بیش قیمت ٹوپی خریدوں گا	اَلْيَوْمَ أَشْتَرِيْ قَلَنْسُوَةً فَاخِرَةً
لوگوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کیجیے	لَا تُخْجِلْنِيْ بَيْنَ أَيْدِي النَّاسِ
آپ کے احسانات مجھ پر بہت زیادہ ہیں	أَفْضَالُكَ عَلَيَّ كَثِيْرَةٌ جِدًّا
جب میں اس کے پاس گیا تو اس کو سوتا ہی پایا	كُلَّمَا دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَجَدْتُهٗ نَائِمًا
یہ جوتا تمہارے تنگ ہے	هٰذَا النِّعَالُ ضَيِّقٌ عَلٰى رِجْلِكَ
یہ کرتہ میرے ٹھیک آیا	هٰذَا الْقَمِيْصُ وَافِقٌ عَلٰى جِسْمِيْ
ایک دیا سلائی کا بکس خرید لے	اِشْتَرِ عُلْبَةً مِنَ الشَّخَاطَاتِ
یہ اچھی نہیں۔ یہ جلتی نہیں	لَيْسَتْ هٰذِهٖ جَيِّدَةً مَا هِيَ تَتَوَقَّدُ
کس دکان سے لایا ہے اس کو واپس کر	مِنْ أَيِّ دُكَّانٍ جِئْتَ بِهَا رُدَّهَا إِلَيْهِ
انگیٹھی میں کوئلے سلگا لے	أَوْقِدِ الْفَحْمَ فِي الْمِجْمَرِ
چھڑکاؤ کر دے تاکہ گرد دب جائے	رُشُّوا الْمَاءَ لِيَسْكُنَ الْغُبَارُ
تمہارے دامن پر کس چیز کا دھبہ ہے	مِنْ أَيْنَ هٰذِهِ اللَّطْخَةُ عَلٰى ذَيْلِكَ

اردو	عربی
میرے بھائی سہارنپور جاتے ہوئے دیو بند اترے	نَزَلَ أَخِي الدِّيُوبَنْدَ حِيْنَمَا كَانَ مُسَافِرًا إِلَى السَّهَارَنْفُوْرِ
میں نے مصالحہ پیسا اور آٹا گوندھا	سَحَقْتُ التَّوَابِلَ وَعَجَنْتُ الطَّحِيْنَ
آٹے میں تھوڑا سا نمک ملالو	أَمْزُجِ الْمِلْحَ الْقَلِيْلَ فِي الْعَجِيْنِ
تیری چھری کند ہے اس کو تیز کرلے	سِكِّيْنُكَ مُنْثَلِمٌ شَحِّذْهُ
سالن گرم کرلے تاکہ خراب نہ ہو	حَمِّمِ الْإِدَامَ لِئَلَّا يَتَسَنَّهُ
چائے کا ہینڈل کہاں ہے	أَيْنَ طَرْدُ الشَّايِ؟
یہ صابن دانی ہے	هٰذِهٖ مَصْبَنَةٌ
لیمپ میں تیل ڈال	أُسْكُبِ الزَّيْتَ فِي اللَّامَةِ
لالٹین کی چمنی صاف کر	نَقِّ زُجَاجَ الْقِنْدِيْلِ
اس میں بتی نہیں ہے	مَا فِيْهِ الْفَتِيْلَةُ
گل لو۔	قَرِّطِ الْفَتِيْلَةَ
ایک بوتل مٹی کے تیل کی خرید لا	اِشْتَرِ غَرْشَةً مِنْ زَيْتِ الْغَازِ
اس میں سے کیسی بدبو آتی ہے	مَا أَكْرَهَ رَائِحَتَهُ
میں تین روز کی چھٹی کے لئے درخواست دوں گا دیکھئے منظور ہوتی ہے یا نہیں	أَكْتُبُ عَرْضَ الْحَالِ لِلْإِجَازَةِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ نَنْظُرُ يُجَابُ أَمْ يُرَدُّ
وہ دونوں جھولتے تھے اور گاتے تھے	كَانَا يَتَرَجَّحَانِ فِي الْأُرْجُوْحَةِ يَغْنِّيَانِ
جھاڑ دے کر یہ جگہ صاف کر	نَظِّفْ هٰذَا الْمَحَلَّ بِالْمِكْنَسَةِ
نالی کی صفائی ضروری ہے	لَا بُدَّ مِنْ تَنْظِيْفِ مَسِيْلِ الْمَاءِ
یہ مکان مرمت کرانے کے قابل ہے	هٰذِهِ الدَّارُ تَسْتَحِقُّ أَنْ تُصْلَحَ
یہ کمرہ رہنے کے قابل نہیں ہے	لَا تَصْلُحُ هٰذِهِ الْأُوْضَةُ لِلسُّكُوْنَةِ
براہ کرم میرے کلام کی تصحیح کردیجیے	مِنْ فَضْلِكَ أَصْلِحْ كَلَامِي

اردو	عربی
میں امید کرتا ہوں کہ میری درخواست نامنظور نہ کریں گے۔	أُؤَمِّلُ أَنْ لَا تَرُدُّوْا سُؤَالِي
. . .	. . .
تو اپنی حرکت سے باز نہیں آئے گا	أَلَا تَنْتَهِي عَنْ صَنِيْعِكَ؟
کیا تو میرا کہنا نہ مانے گا	أَلَا تَقْبَلُ أَمْرِي؟
سال میں کچھ دن باقی ہیں	مَضَتْ سَنَةٌ إِلَّا بَعْضُ الْأَيَّامِ
وہ سب اس کے پیٹنے کی فکر میں ہیں لیکن وہ ان سے نہیں پٹ سکتا۔	يُدَبِّرُوْنَ عَلَيْهِ أَنْ يَضْرِبُوْهُ لٰكِنَّهُ لَا يُمَكِّنُهُمْ عَلَى نَفْسِهِ
تو کپڑے بہت میلے کرکے اتارتا ہے	تُبَدِّلُ الثِّيَابَ بَعْدَ تَوْسِيْخِهَا جِدًّا
دھوبی سے کہو میرے کپڑوں کو استری کرے	قُلْ لِلْقَصَّارِ أَنْ يَكْوِيَ ثِيَابِي
اس کام کو وہاں پہنچ کر کرو گے یا واپس آکر	أَتُنْهِي هٰذَا الشُّغْلَ حِيْنَ وُصُوْلِكَ ثَمَّةَ أَمْ بَعْدَ أَنْ تَعُوْدَ
. . .	. . .
تم ہی بتاؤ کہ سوائے اس کے اور کیا کروں	أَنْتُمْ أَشِيْرُوْا عَلَيَّ مَاذَا أَصْنَعُ سِوَاهُ
جو تو لایا ہے مجھے دکھا	أَرِنِي مَا جِئْتَ بِهٖ
اتنا کیا کرنا ہے کم کردو	مَا لَنَا بِهٰذَا الْمِقْدَارِ أُنْقُصْ مِنْهُ
نہ معلوم تو کس قسم کا آدمی ہے	لَا أَعْرِفُ أَنْتَ مِنْ أَيِّ نَوْعٍ مِنَ الْإِنْسِ
میں نے تجھے دس مرتبہ کہا کہ ایسا نہ کرنا	قُلْتُ لَكَ عَشْرَ مَرَّاتٍ أَنْ لَا تَفْعَلَ هٰكَذَا
اس میں تیرا ہی نقصان ہے ہمارا کچھ حرج نہیں	مَا فِيْهِ إِلَّا مَضَرَّتُكَ مَا عَلَيْنَا شَيْءٌ
ہمارا کام تو تمھیں آگاہ کردینا ہے باقی تمھیں اختیار ہے۔	مَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ وَالْخِيَارُ فِي يَدِكَ
میں تمھیں یاد دلانے آیا ہوں کبھی بھول جاؤ	إِنَّمَا حَضَرْتُ تَذْكِيْرًا لَكَ لِكَيْلَا تَنْسَى
یہ کبھی ممکن نہیں	لَا يُمْكِنُ ذٰلِكَ أَبَدًا - لَا - أَبَدًا
اس سے بھول کر بھی کلام نہ کرنا	لَا تُكَلِّمْهُ وَلَا نَاسِيًا

ورنہ کسی روز ایسا الجھے گا کہ جان چھڑانا مشکل ہو جائے گا۔
والا يخاصمك يوماً بحيث يصعب عليك تخليص نفسك منه

اس کا کیسا شیریں کلام ہے
ما أحلى كلامه

چونکہ مجھے آپ کی زیارت کا بہت شوق تھا اس لئے حاضر خدمت ہوا ہوں
بما أني كنت مشتاقاً إلى زيارتكم حضرت في خدمتكم

یہ ایسا زمانہ ہے کہ کوئی کسی کی نصیحت نہیں سنتا۔
هذا زمان لا يقبل أحد نصح غيره

کیا تم نے نہیں سنا کہ خالد تین روز سے بیمار ہے
أما سمعت أن خالداً مريض منذ ثلاثة أيام

نہیں، یہ بات میرے سننے میں نہیں آئی
لا۔ ما مر سمعي ذلك

ہم حمید کے پاس بیٹھے تھے جو خالد کا باپ آیا اور اس نے بتایا کہ خالد تین روز سے بستر پہ پڑا ہے۔ تو اب ہمیں اس کی عیادت کو جانا چاہیئے
كنا جلوساً عند حميد اذ دخل علينا ابو خالد وأخبرنا أنه طريح الفراش منذ ثلاثة أيام۔ فإذن يلزمنا أن نعوده

آمدن بارادت۔ رفتن باجازت
الدخول بالإرادة والرجوع بالإجازة

بدگمانی سے پرہیز کرو
اجتنبوا سوء الظن

کسی کی بے ادبی نہ کرنی چاہیئے
إياك وسوء الأدب في حق أحد

بے ادب محروم گشت از فضل رب
من أساء الأدب حرم فضل الرب

با ادب با نصیب بے ادب بے نصیب
محسن الأدب سعيد ومسيء الأدب شقي

چونکہ میں بہت تھکا ہوا ہوں اس لئے مجھے آرام کرنے دو۔
بما أني تعبان جداً فدعني استرح

محنت کیے جانا چاہیئے۔ منزل مقصود تمہارے سامنے ہے
عليكم بالجد والاجتهاد والمقصود أمامكم

گرمی کی شدت اور پانی کی قلت ہے
بشدة الحر وقلة الماء

جاندار پیاس سے مر رہے ہیں
كادت البهائم تهلك عطشاناً

بادل آیا لیکن بارش نہیں ہوئی
جاء السحاب ولكن ما نزل الغيث

تین دن لگاتار بارش ہوتی رہی
نزل المطر ثلثة أيام متتابعة

میرے پاس مکان سے خط آیا ہے
ورد إلي كتاب من وطني

سب اقارب خیریت سے ہیں
الأقارب كلهم بالسلامة

مگر والد صاحب کی طبیعت ناساز ہے
إلا أن والدي صحته منحرفة

اللہ تعالےٰ ان کو جلد شفا عطا فرمائے۔
عجل الله شفاءه۔ رزقه الله شفاءً عاجلاً

میں تمہارے پاس محض اس لئے آیا ہوں کہ تم سے گھر اور وطن کا حال دریافت کروں
إنما جئت إليك لأسئلك من أهلي ووطني

میں ایک منٹ کا نقصان برداشت نہیں کر سکتا۔
لا أقدر أن أتحمل خسارة دقيقة واحدة

لڑائی جھگڑا طلبہ کا شیوہ نہیں
الحرب والجدال ليس من شعائر الطلبة

امتحان میں وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو رات دن محنت کرتے ہیں۔
في الامتحان ينال المرام من اجتهد بالليالي والأيام

آپ کا امتحان میں کامیاب ہونا آپ کی جانفشانی کا نتیجہ ہے اور اس کا فیل ہونا سستی اور بے پروائی کا نتیجہ ہے۔
جوازك في الامتحان ثمرة اجتهادك وسقوطه في الامتحان ثمرة الغفلة والكسل

اپنی ہمت کے موافق محنت کرو
اجتهدوا على قدر الهمم

زیادہ محنت کرنا صحت کے لئے مضر ہے
كثرة الاجتهاد مضر

اس میں کوئی فائدہ نہیں
لا طائل تحته

کتابوں کے کیڑے نہ بنو
لا تكونوا للكتب كالديدان

نہایت ضروری اور مفید جملے

اور نہ بچوں کی طرح ہمیشہ کھیل میں مشغول رہو
آج صبح سے میری طبیعت علیل ہے
بارش کے دنوں میں چھت پر سونا خلاف
احتیاط ہے۔
جب یکایک بارش آجاتی ہے تو بستر
اٹھانے سے پہلے کپڑے بھیگ جاتے ہیں
اور بہت پریشانی ہوتی ہے
پس احتیاط اس میں ہے کہ ہم نیچے سوئیں
جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے مت پڑ
آج کا کام کل پر مت چھوڑ
جو کرنا ہے آج کرلو۔ نہ معلوم کل
کیا ہو۔
میں تمہارا حصہ پورا دوں گا
غیب کی خبر خدا تعالے کے سوا کسی کو نہیں
ہم نہیں جانتے کہ کل کیا کریں گے۔
اپنا راز ظاہر کرنا نادانی ہے
گالی گلوچ کرنا بہت بُری بات ہے
سچائی خدا تعالیٰ کو محبوب ہے
جس میں سچائی کم ہوتی ہے اس کے دوست
کم ہوتے ہیں
ہر معاملہ میں حق کی رعایت کرنی چاہیئے

وَلا تلعبُوا دائِمًا کالصِّبْیانِ
طَبْعِی منحرفٌ من الصُّبحِ
الرُّقودُ علی السقفِ فی زمانِ المطرِ
لیْسَ فی الاحتِیاطِ
فَإِنَّ المطرَ اذا نزَلَ بغتةً تبتلُّ
الثّیابُ قبلَ أنْ نَطْوِیَ فراشَنا
ویَلحقُنا التّعبُ جِدًّا
فالأحْوطُ أنْ نَبِیْتَ تحت
لا تَقْفُ مَا لیسَ لَکَ بِهٖ عِلْمٌ
لَا تؤخِّرْ عملَ الیومِ إلی غدٍ
الیَوْمَ اعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ۔ لا ندری
ما یَحْدُثُ غدًا
إنّی مُوَفّیکَ نَصِیْبَکَ غیرَ مَنقُوصٍ
لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ إِلَّا اللّٰہُ
لا ندری مَاذا نکسِبُ غدًا
إفشاءُ السرِّ جَهْلٌ
المُسابّةُ والمُشاتمةُ قبیحٌ جِدًّا
الصدقُ محبوبٌ إلی اللّٰہِ تعالی
مَنْ قلَّ صدقُہ قلَّ
صدیقُہ
تلزمُ مراعاةُ الحقِّ فی الأمورِ
کلِّها

نہایت ضروری اور مفید جملے

ہر وقت کے لئے ایک کام اور ہر کام
کے لئے ایک وقت مقرر کرلو
اس کو نوٹ کرلو۔ کبھی بھول جاؤ
آپ نے میرا بکس بلا اجازت کیوں کھولا
میری کتاب آج ہی واپس کرنا
آج مجھے ضروری کام ہے اس لئے
حاضر خدمت ہونے سے معذور ہوں
آج ہم نے ایک دوست کے یہاں ناشتہ کیا
ڈول میں پانی نہیں ٹھہرتا اس لئے کہ اس
میں سوراخ ہے۔
ڈول کی رسّی ٹوٹ گئی
کنویں پر کون ہے براہ مہربانی مجھے اس
لوٹے میں پانی دے دیجئے
میں کنویں پر گیا، دیکھا کہ ڈول نہیں ہے
دیکھو سقہ پانی بھر رہا ہے اس سے ایک
لوٹا پانی لے لو
مجھے کام بہت ہیں
کسی وقت فرصت نہیں
گیہوں کا بھاؤ زیادہ ہوگیا ہے
اور چنوں کا کم ہوگیا۔
میں حوض پر بیٹھا وضو کر رہا تھا کہ مسواک
ہاتھ سے گر گئی۔

خَصِّصُوا لِکُلِّ وقتٍ شغلًا۔ ولِکُلِّ
شغلٍ وقتًا
قَیِّدْ ذٰلِکَ لِکَیْلا تنْسٰی
لِمَ فتحتَ صندوقی بغیرِ إذْنی
رُدَّ إلیّ کتابی فی یومِکَ هٰذا
الیومَ عندی شغلٌ مُهِمٌّ
فأتَعذّرُ عنِ الحضورِ فی الخدمةِ
الیومَ فَطَرْنا عندَ صاحِبٍ لنا
لا یمکُثُ الماءُ فی الدَّلْوِ فإنّہ
مثقوبٌ۔
انْکَسَرَتِ الرِّشاءُ
مَنْ علَی البِئرِ مِنْ فضلِکَ ناوِلْنی
ماءً فی هٰذا الإبریقِ۔
ذهبتُ علی البئرِ فإذا الدَّلْوُ غائبٌ
شُفْتُ انّ السقّاءَ یستقِی فخُذِ
الماءَ فی الإبریقِ۔
عندی أشغالٌ کثیرةٌ
ولستُ فارِغًا فی وقتٍ
ارتفعَ سعرُ الحِنطةِ
ونزَلَ سعرُ الحِمَّصِ
کنتُ جالِسًا علی الحوضِ أتوضّأُ
فإذا السِّواکُ سقطَ مِنْ یدی

اردو	عربی
آج صبح میں دیر سے اُٹھا	اَلْيَوْمَ انْتَبَهْتُ مُتَأَخِّرًا
صبح کی نماز فوت ہوگئی	فَفَاتَتْنِي صَلٰوةُ الصُّبْحِ
آج میں نے دو کرتوں کو بٹن لگائے	اَلْيَوْمَ أَزْرَرْتُ عَلٰى قَمِيْصَيْنِ
میں نے اندھیرے میں چھپ کر اس کی زیارت کی۔	زُرْتُهُ مُخْتَفِيًا بِالظَّلَامِ
اُس نے میرا قلم چٹائی کے نیچے چھپا دیا	وَارٰى قَلَمِي تَحْتَ الْحَصِيْرِ
مسجد میں باتیں مت کرو	لَا تَحَادَثُوْا فِي الْمَسْجِدِ
باتوں اور کہانیوں میں وقت ضائع نہ کرو	لَا تُضَيِّعُوا الْأَوْقَاتَ فِي الْمُحَادَثَةِ وَالْمُحَاكَاةِ
وہ مجھے راستہ میں اتفاقاً ملا	صَادَفَنِيْ فِيْ أَثْنَاءِ الطَّرِيْقِ
میں نے پوچھا تو کب آیا۔ کہا گذشتہ ہفتہ	سَأَلْتُهُ مَتٰى جِئْتَ. قَالَ فِي الْأُسْبُوْعِ الْمَاضِيْ
وہ اپنا منہ جھکا کر رونے لگا۔	أَرْخٰى وَجْهَهُ يَبْكِيْ
میں آپ سے شرمندہ ہوں اور کچھ نہیں سمجھا کہ آپ سے کیا کہوں	خَجِلْتُ مِنْكَ وَلَا أَدْرِيْ. مَا أَقُوْلُ لَكَ.
میں نے جگانے کے لئے اس کا پاؤں چھوا	لَمَسْتُ رِجْلَهُ مُوْقِظًا
کیا تو اس شخص سے نہیں شرماتا جو اُسے ملے گا ایسی ہی بات کہے گا۔	أَمَا تَسْتَحِيْ مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ كُلُّ مَنْ يَلْقَاهُ يَقُوْلُ لَهُ هٰكَذَا
بائیں ہاتھ سے کام پورا نہیں ہوتا دائیں ہاتھ سے ہوتا ہے۔	اَلْيُسْرٰى لَا يَتِمُّ بِهَا عَمَلٌ وَبِالْيُمْنٰى تَتِمُّ الْأَعْمَالُ
جب تک تمہاری تلاشی نہ لی جائے کوئی نہ نکلے	لَا يَخْرُجَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ حَتّٰى يُفَتَّشَ
یہ گھوڑا مجھے دو سو روپے میں پڑا ہے کیا آپ کو اس کی خواہش ہے۔	قَامَ هٰذَا الْفَرَسُ عَلَيَّ بِمِائَتَيْ رُوْبِيَةٍ هَلْ لَكَ فِيْهِ

اردو	عربی
اگر آپ مہربانی فرمائیں	إِنْ تَفَضَّلْتَ
اس کا رزق نامعلوم طریقہ سے آتا تھا	كَانَ يَأْتِيْهِ رِزْقُهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ
میرے پیچھے ایک کتا ہو لیا اور مجھے بھونکنے لگا وہ مجھے کاٹنے ہی لگا	تَبِعَنِيْ كَلْبٌ وَصَارَ يَنْبَحُ عَلَيَّ كَادَ أَنْ يَعَضَّنِيْ
اب بتا ہم میں سے کون کم شرم والا ہے	قُلْ لِيْ أَيُّنَا أَقَلُّ حَيَاءً
مجھے معلوم ہے کہ آپ اپنے وعدہ کو پورا کریں گے	إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَنَّكَ مُنْجِزٌ مَا وَعَدْتَنِيْ
جب تجھے حق بات کہی جاوے تو کیوں غصہ ہوتا ہے	إِذَا قِيْلَ لَكَ الْحَقُّ لِمَ تَغْضَبُ
آدمی کے لئے یہ بُری بات ہے کہ مہمان سے خدمت لے	لَذَمٌّ لِلرَّجُلِ أَنْ يَسْتَخْدِمَ ضَيْفَهُ
اے میری ماں کے بارے میں ایسی باتوں سے پیش آتا ہے۔	يَا هٰذَا تَسْتَقْبِلُنِيْ فِيْ أُمِّيْ بِمِثْلِ هٰذَا
میں نے آپ کو ایک حقیر چیز بھیجی ہے	وَجَّهْتُ إِلَيْكُمْ شَيْئًا حَقِيْرًا
آپ کے تحفہ سے اچھا میرے پاس اور کوئی تحفہ نہیں آیا۔	مَا وَرَدَتْ إِلَيَّ هَدِيَّةٌ أَحْسَنُ مِنْ هَدِيَّتِكَ
میں نے اس کے پاس پچاس روپے بھیجے ہیں تاکہ اپنی ضروریات میں خرچ کرے	بَعَثْتُ إِلَيْهِ خَمْسِيْنَ رُوْبِيَةً لِيَصْرِفَهَا فِيْ مُهِمَّاتِهِ
ہر مصیبت کے وقت اپنے نفس کو صبر دلاؤ	صَبِّرِ النَّفْسَ عِنْدَ كُلِّ مُصِيْبَةٍ
جو شخص اس کپڑے کو خریدے اس سے یہ عیب بیان کردینا	بَيِّنْ هٰذَا الْعَيْبَ الَّذِيْ فِيْ هٰذَا الثَّوْبِ لِمَنْ يَشْتَرِيْهِ
جب تم روپیہ لو پرکھ کر لو۔	إِذَا قَبَضْتَ عَلٰى رُوْبِيَةٍ فَمَيِّزْهَا وَانْتَقِدْهَا.
میں نے روپیہ دیکھا تو وہ کھوٹا نکلا	نَظَرْتُ رُوْبِيَةً فَإِذَا هِيَ مَغْشُوْشَةٌ

کچھ بھی قیمت نہیں رکھتا
ہم تجھے موٹا ہونے کے لئے کھلاتے پلاتے ہیں
نہ تو میری بات سمجھتا ہے اور نہ میں تیری
یا تو تو خریدے یا میں جاؤں
اگر تو میری حسب منشا کام کرے تو یہ سب تیرا ہے
اُس کے سر بہت قرض ہو گیا
اور وہ بہت تنگ دست ہے
میرے ساتھ کھیل مت کر
ورنہ تجھے مزہ چکھا دوں گا
جو بات تو نے اپنے لئے پسند کی قسم اللہ کی بری ہے
ہر وقت میری برائی کے درپے ہے
کیا تم ہماری نجات کا طریقہ بتا سکتے ہو
میں کیسے نجات پا سکتا ہوں
حالانکہ بھاگنے کا وقت نہیں رہا
جب انھوں نے مجھے دیکھا جلدی سے میرے
پاس آئے اور میرا حال پوچھا۔
وہ اپنی بدکرداری کی وجہ سے قوم سے چھپتا ہے
اسے ایک دن میں دو مرتبہ مرگی کا دورہ پڑتا ہے
کیا تو نے اپنی جھوٹی قسم کا کفارہ دے دیا
میں نے اپنی اور تیری قسم کا کفارہ دے دیا
اس پر اللہ کی لعنت
ہماری برائیاں مشہور کرتا ہے۔

لَا تُسَاوِیْ شَیْئًا
إِنَّمَا نُطْعِمُكَ لِتَسْمَنَ
لَا أَفْهَمُ كَلَامَكَ وَلَا تَفْقَهُ كَلَامِي
إِمَّا أَنْ تَشْتَرِيَ وَإِمَّا أَنْ أَذْهَبَ
هٰذَا كُلُّهُ لَكَ إِنْ وَافَقْتَنِي عَلٰى مَا أُرِيْدُ
رَكِبَتْهُ دُيُوْنٌ كَثِيْرَةٌ
وَهُوَ ضَيِّقُ الْيَدِ
لَا تُلَاعِبْنِيْ وَإِلَّا أُذِيْقُكَ
أَلَمَ الْعَذَابِ
بِئْسَ وَاللّٰهِ مَا اخْتَرْتَ لِنَفْسِكَ
يَتَعَرَّضُ لِيْ بِسُوْءٍ كُلَّ وَقْتٍ
هَلْ تَعْرِفُ لَنَا سَبِيْلًا إِلَى الْخَلَاصِ
كَيْفَ لِيْ مِنَ الْخَلَاصِ
وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ
لَمَّا رَأَوْنِيْ أَسْرَعُوْا إِلَيَّ وَ
سَأَلُوْا عَنْ أَمْرِيْ
يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْءِ صَنِيْعِهٖ
يُصْرَعُ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ
أَحَنِثْتَ فِيْ يَمِيْنِكَ الزُّوْرِ
كَفَّرْتُ الْأَيْمَانَ عَنِّيْ وَعَنْكَ
لَعَنَهُ اللّٰهُ
يَنْشُرُ مَسَاوِيْنَا

میرا حال سن لو، پھر جو چاہو کرو
میں اس پر پانی چھڑکتا ہوں اور اُسے
ہوش نہیں آتا
اُسے پھسلا تا پھسلا تا گھر لے آیا
میں لہسن کی بو سونگھتا ہوں
تو مجھے تکلیف ہوتی ہے
جب میرا خط تمھارے پاس پہنچے تو حامل
خط کو ایک ہزار روپیہ دینا
ان پر زمیں باوجود کشادگی کے تنگ ہو گئی
خدا کی پناہ جس بات کا مجھے علم نہیں
اُسے کیسے بیان کروں
میرے سلام کا اچھا جواب دیا اور مرحبا کہا
مجھے کھانے کی بہت کم خواہش ہوتی ہے
اس کی بینائی جاتی رہی اور وہ اندھا ہو گیا
مجھے یاد دلانا تم سے اس کا قصہ بیان کروں گا
ابھی تیرا ذکر اس کی مجلس میں ہوا تھا
ہمیں آپ نے بہت مشکور کیا اور اس کے
بدلے سے عاجز کر دیا
اگر تم ہنسی کرتے ہو تو میں وہی بات کہتا ہوں
ہمسایوں نے میرے حال میں شک کیا
وہ آنکھ دیکھا دوست ہے دلی دوست نہیں
میں رسوائی کے خوف سے لوگوں سے علٰحدہ رہتا ہوں

اِسْمَعْ قِصَّتِيْ ثُمَّ اصْنَعْ بِمَا شِئْتَ
أَرُشُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ وَهُوَ
لَا يُفِيْقُ
صَارَ يَتَلَطَّفُ بِهٖ حَتّٰى أَتٰى إِلٰى مَنْزِلِهٖ
أَشُمُّ رَائِحَةَ الثُّوْمِ
فَأَتَأَذّٰى بِهَا
إِذَا وَصَلَ إِلَيْكَ كِتَابِيْ
فَادْفَعْ حَامِلَهٗ أَلْفَ رُبِيَّةٍ
ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ
مَعَاذَ اللّٰهِ كَيْفَ أَتَحَدَّثُ
مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ
رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ أَحْسَنَ رَدٍّ وَرَحَّبَ بِيْ
أَنَا قَلِيْلُ الْاِشْتِهَاءِ لِلطَّعَامِ
كُفَّ بَصَرُهٗ وَصَارَ أَعْمٰى
ذَكِّرْنِيْ أُحَدِّثْكَ بِقِصَّتِهٖ
ذُكِرْتَ السَّاعَةَ فِيْ مَجْلِسِهٖ
مَلَأْتَنَا شُكْرًا وَأَعْيَيْتَنَا عَنْ
مُجَازَاتِهٖ
إِنْ كُنْتَ مَازِحًا فَأَنَا مُجِدٌّ
اِسْتَرَابَ الْجِيْرَانُ بِحَالِيْ
هُوَ صَدِيْقُ عَيْنٍ لَا صَدِيْقُ قَلْبٍ
أَتَبَاعَدُ عَنِ النَّاسِ خَشْيَةَ الْاِفْتِضَاحِ

عربی	اردو
خُذْ مَا تحتَ تِلكَ المُضَرَّبَةِ	اس سوزنی کے نیچے جو ہو لے لے
اِمْتَزَجَتْ رُوحِيْ بِرُوْحِهٖ تَمَازُجَ المَاءِ بِاللَّبَنِ	میری روح اس کی رُوح کے ساتھ دودھ پانی کی طرح مل گئی
أُحَدِّثُكُمْ بِأُعْجُوبَةٍ رَأَيْتُهَا السَّاعَةَ فِي المَنَامِ	میں تم سے ایک عجیب بات بیان کرتا ہوں جو ابھی خواب میں دیکھی ہے
بَقِيتُ لَا تُظِلُّنِي سَمَاءٌ وَلَا تُقِلُّنِي أَرْضٌ	میں ایسا ہو گیا کہ آسمان زمین میں کہیں میرا ٹھکانا نہ رہا
كَلَّتِ الأَلْسُنُ وَحَارَتِ العُقُولُ	زبانیں گنگ ہو گئیں اور عقلیں حیران
لَا يُحِبُّ أَحَدٌ أَنْ يُؤَخِّرَ حَاجَتَهٗ إِلَى الغَدِ	کوئی شخص اپنی ضرورت کو کل پر مؤخر کرنا نہیں چاہتا۔
بَلْ يُحِبُّ أَنْ يَقْضِيَ حَاجَتَهٗ فِي يَوْمِهٖ هٰذَا	بلکہ یہی چاہتا ہے کہ اپنی ضرورت آج ہی پوری کر لوں
سَوَاءٌ كَانَ اليَوْمُ صَائِفًا اَوْ شَاتِيًا	خواہ دن گرم ہو یا ٹھنڈا
فَالَّذِي لَا يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهٖ لِحَاجَةٍ خَشْيَةَ الحَرِّ أَوِ البَرْدِ فَاعْلَمُوْا أَنَّ ذٰلِكَ الأَمْرَ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ مِنَ الأُمُوْرِ المُهِمَّةِ فَلِذَا أَخَّرَهٗ إِلَى يَوْمٍ آخَرَ	پس جو شخص سردی یا گرمی کے خوف سے کسی کام کے لئے گھر سے نہیں نکلتا تو سمجھ لو کہ یہ کام اس کے لئے ضروری نہ تھا اسی لئے اس کو دوسرے دن تک مؤخر کیا
لِأَنَّ الحَاجَةَ الشَّدِيدَةَ لَا تُخَلِّي أَحَدًا ان يُؤَخِّرَهَا اَوْ يَصْبِرَ عَنْهَا	کیوں کہ سخت حاجت کسی کو نہ تاخیر کی اجازت دیتی ہے نہ صبر کی
فَيَقْضِيْهَا غَامِضًا عَيْنَيْهِ عَنِ الحَرِّ وَالبَرْدِ	پس سردی گرمی سے آنکھیں بند کر کے اسے پورا کرتا ہے۔
اِصْنَعْ مَا يَزِيْنُكَ وَدَعْ الشَّيْنَكَ	جو اکچھ زیبا ہو وہ کام کرو اور جو معیوب ہو چھوڑ دو

عربی	اردو
ذٰلِكَ بِذٰلِكَ وَهٰذِهٖ زِيَادَةٌ	وہ تو اس کے بدلے میں ہے اور یہ زیادہ ہے
هَلْ أَدُلُّكَ عَلَى شَيْءٍ تُدَاوِي بِهٖ عَيْنَيْكَ.	کیا تجھے ایسی چیز بتا دوں جس سے تو اپنی آنکھوں کا علاج کر لے
مَا أَحْوَجَنِيْ إِلَى ذٰلِكَ	میں اس کا بہت ہی محتاج ہوں
انْصَرِفْ، لِئَلَّا يَنْتَبِهَ أَبِي فَيَقْتُلَكَ	لوٹ جا، ایسا نہ ہو میرا باپ جاگ جائے اور تجھے قتل کر دے
أَلْمَوْتُ وَاللّٰهِ أَهْوَنُ مِمَّا أَنَا فِيْهِ	بخدا میں جس مصیبت میں ہوں اس سے موت آسان ہے
هُوَ سَمِيْنٌ مُثْقَلٌ حَتّٰى أَنَّهٗ لَا يَنْتَفِعُ بِنَفْسِهٖ	وہ اتنا موٹا اور وزنی ہے کہ اپنی ذات سے خود بھی نفع نہیں اٹھا سکتا
صَارَ كُلَّمَا عَالَجُوْهُ لَا يَزْدَادُ إِلَّا شَحْمًا	اس کا جتنا علاج کرتے تھے، چربی ہی زیادہ ہوتی تھی
رَكِبَتْهُ الهُمُوْمُ وَالغُمُوْمُ وَاحْتَجَبَ مِنَ النَّاسِ	اس پر رنج و غم سوار ہو گئے اور وہ لوگوں سے چھپ بیٹھا
صَارَ كُلَّمَا مَضٰى يَوْمٌ يَزْدَادُ هَمُّهٗ وَيَتَنَاقَصُ حَالُهٗ	جو دن گزرتا تھا اس کا غم زیادہ ہوتا تھا اور حال بگڑتا تھا
لَا يَعْرِفُ قَبِيْلًا مِنْ دَبِيْرٍ	وہ آنے جانے والے میں تمیز نہیں کر سکتا
كَلَّمْتُهٗ فَاهُ إِلٰى فِيَّ	میں نے اس سے روبرو باتیں کیں
لَمْ أَجِدْ مَوْضِعًا أَسْتَقِرُّ فِيْهِ	مجھے ایسی کوئی جگہ نہیں ملی جہاں ٹھہر جاؤں
مَهْمَا سُرِقَ شَيْءٌ فَهُوَ عَلَيَّ فَأَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ	جب کوئی چیز چوری ہو جائے تو میں اس کا ذمہ دار ہوں
هَلْ تَقْدِرُ أَنْ تَحْلِفَ عَلٰى مَا تَدَّعِيْهِ	کیا تو اپنے دعوٰی پر حلف کر سکتا ہے
لَا أُطْعِمُ أَضْيَافِي إِلَّا الغَرِيْضَ	میں اپنے مہمان کو تازہ ہی کھانا کھلایا کرتا ہوں

اس نے نہ جماعت سے نماز پڑھی نہ اکیلے
تم ایسے وقت کھانے بیٹھو کہ بھوک لگی ہو
اور ایسے وقت اٹھو کہ بھوک باقی ہو
ہمارے نزدیک اس کی ہستی ذرہ برابر نہیں
ہے میں ایسی جگہ کو پسند کرتا ہوں جہاں کوئی
ہمارے کام میں دخل نہ دے
میرے کپڑے مشین سے سلے گئے
میں اپنے ساتھ پیسے نہیں لایا
مجھے مت ہنساؤ میں ہنستے ہنستے مر جاؤں گا
وہ روکھی روٹی کھاتا ہے
کیا سالن نہیں ہے جو روٹی کے ساتھ کھائے
ہم کس کمرہ میں کھانا کھائیں۔
اس کمرہ میں جو دروازہ کے سامنے ہے
کیا بات ہے تمہیں خاموش دیکھتا ہوں
کثرت غم و اندوہ کے باعث
عجائب خانہ کے لئے مجھے کس راستہ سے
جانا چاہیئے۔
کیا یہی سیدھا راستہ ہے
نہیں یہ غلط راستہ ہے
اُن کے حالات یکساں ہیں
اُسے ایسی چیز مل گئی جس کا اسے خواب و خیال تھا
کام ہونے سے غرض خواہ کسی طرح سے ہو

لَمْ يُصَلِّ جَمَاعَةً وَلَا فُرَادَى
تقعد على الطعام وتشتهيه
وتقوم عنه وتشتهيه
لَا يُوزَنُ عندنا بمثقال ذرّة
أنا أحبّ المحلّ الذي لا يدخل
فيه أحدٌ فيقاطع على شغلنا
خيطت ثيابي بالمكينة
لستُ حاملًا معي فلوسًا
لا تضحكني أنا أموت ضاحكًا
يأكل خبزًا قفارًا
أليس عنده إدام يأكل مع الخبز
في أيّ أوضة نطعم
في الأوضة التي تجاه الباب
مالي أراك ساكتًا
بكثرة الهموم والأفكار
من أين يجب أن أتوجه لكي
أصل إلى دار التحف
هل هذا هو الطريق الصحيح
لا أنت على غير الطريق
أحوالهم متشاكلة
رُزِقَ ما لم يره في شعبة منامه
المقصود إتمام العمل كيفما كان

تم نے جو کچھ کیا ٹھیک کیا
تو جو کام کرتا ہے اس کے لائق نہیں
اگر ایسا کیا تو برا کیا
اگر تم اچھا کرو گے اپنے واسطے
اور برا کرو گے اپنے واسطے
ہمیں آپکی ملاقات کا ہمیشہ شوق رہتا ہے
کیا تمہیں مچھر نہیں ستاتے
ہاں! جب میں مچھر دانی ڈالنا بھول جاتا ہوں
آپ کا ارادہ ہو تو بازار چلیں
کیا آپ مجھے اپنی صحبت سے مشرف فرمائیں گے
اگر آپ کو عذر نہ ہو تو چلیے
پہلے بانات والے کی دوکان پر چلیں
اس شخص کے پاس جو اچھے سے اچھا کپڑا
اس شہر میں ملتا ہے وہ ہے
تُو نے سر کے بال کیوں بڑھا دیئے ہیں
ان کو استرے سے منڈوا دے
مونچھیں کتروانی بڑھانے سے اچھی ہیں
ہمیں دشمن کی خوشامد پر بھروسہ نہ کرنا چاہیئے
میں نے کپڑے کو اتنا دھویا کہ صاف کر دیا
پھر اس کو دھوپ میں پھیلا کر خشک کر لیا
تم دائیں ہاتھ سے کلی کرو اور ناک میں
پانی ڈالو

قد أصبتم في ما عملتم
تعمل ما لستَ له بأهل
إن فعلتَ هكذا فقد أسأتَ
إن أحسنتم أحسنتم لأنفسكم
وإن أسأتم فلها
نحن لفي غاية الشوق إلى زيارتكم
هل لا يؤذيك الناموس
نعم إذا نسيتُ أن أرخي على الناموسة
إن أحببتَ فنذهب إلى السوق
أتشرّفنا بصحبتك
إذا لم يكن مانعًا، تعال نذهب
أوّلًا إلى دكّان يباع فيه الجوخ
هذا الرجل عنده مقدار ثوب
أحسن ما يكون في هذه البلدة
لِمَ ربّيتَ أشعار رأسك
حلّقها بالموسى
قصّ الشوارب خيرٌ من إرسالها
ليس لنا أن نتوكل على تملّق العدو
غسلتُ ثوبي حتى نقّيته
ثم جففته بالنشر في الشمس
تمضمضوا واستنشقوا
باليد اليمنى۔

اردو	عربی
کھلی ہوئی داڑھی کا خلال کرو	خَلِّلُوا اللِّحْيَةَ الْمُسْتَرْسِلَةَ
کانوں کے سوراخ میں انگلیاں دو	أَدْخِلُوا أَصَابِعَكُمْ فِي صِمَاخِ آذَانِكُمْ
انگوٹھی کو ہلاؤ خواہ ڈھیلی ہو یا تنگ	حَرِّكِ الْخَاتَمَ وَاسِعًا كَانَ أَوْ ضَيِّقًا
اپنے منہ اور آنکھوں کو سختی سے بند نہ کرو	لَا تُغْمِضْ فَاكَ وَلَا عَيْنَيْكَ تَغْمِيضًا شَدِيدًا
اس کپڑے پر یہ تری کہاں سے آئی	مِنْ أَيْنَ هٰذَا الْبَلَلُ عَلَى هٰذَا الثَّوْبِ؟
میرے ناخنوں میں میل رہ گیا	بَقِيَ الدَّرَنُ فِي أَظْفَارِي
وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پیو	اِشْرَبْ فَضْلَ وُضُوْئِكَ قَائِمًا
آج تم کیا پکاؤ گے	اَلْيَوْمَ مَاذَا تَطْبَخُ؟
دال یا گوشت	عَدَسًا أَوْ لَحْمًا
عصر کے بعد باغ کی سیر کو چلیں گے	نَرُوحُ لِلتَّرَوُّضِ بَعْدَ الْعَصْرِ
پسینہ کی وجہ سے کپڑے میلے ہو گئے	تَوَسَّخَتْ ثِيَابِي بِالْعَرَقِ
میں دس روز سے بستر پر پڑا ہوں	أَنَا طَرِيحُ الْفِرَاشِ مُنْذُ عَشَرَةِ أَيَّامٍ
بہت دوا دعلاج کیا	بَالَغْتُ فِي التَّدَاوِي وَالْمُعَالَجَةِ
لیکن کچھ آرام نہیں ہوا	وَلٰكِنْ مَا نَفَعَنِي شَيْءٌ
بہت روز سے گھر سے خط نہیں آیا	مَا وَرَدَ الْمَكْتُوْبُ مِنْ وَطَنِي مُنْذُ أَيَّامٍ كَثِيْرَةٍ
آج میں نے خرچ کے لئے گھر خط لکھا۔	اَلْيَوْمَ أَرْسَلْتُ مَكْتُوْبًا إِلَى وَطَنِي لِطَلَبِ الدَّرَاهِمِ
امید ہے کہ ایک ہفتہ میں خرچ آجائے گا	فَالرَّجَاءُ أَنْ يَصِلَنِي فِي أُسْبُوْعٍ
بہترین شخص وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے	خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ
جب کوئی کام شروع کرو تو اس کے انجام کو سوچ لو۔	إِذَا أَخَذْتُمْ فِي أَمْرٍ فَانْظُرُوا إِلَى عَوَاقِبِهِ

اردو	عربی
ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایسا ہی کرتے پایا ہے	إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ
جو شخص خدا تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے اور قیامت کو مانتا ہے اس کے لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا طرز عمل بہترین نمونہ ہے	مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَهُ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جن لوگوں نے اعمال صالح کئے اُن کے لئے جنت ہے	اَلَّذِيْنَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمُ الْجَنَّةُ
آپ نہ خود کام کرتے ہیں اور نہ دوسروں کو کرنے دیتے ہیں	لَا تَفْعَلُ أَنْتَ بِنَفْسِكَ وَلَا تُخَلِّي النَّاسَ يَفْعَلُوْا شَيْئًا
ہم نے جھاڑی میں ایک خرگوش دیکھا اور بندوق کے پہلے ہی فیر میں اس کو شکار کر لیا	رَأَيْنَا أَرْنَبًا فِي غَيْضَةٍ وَصِدْنَاهُ فِي أَوَّلِ طَلْقَةٍ مِنَ الْبُنْدُقِيَّةِ
میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا کہ میرا ساتھی محمود حجرہ بند کرکے مدرسہ چلا گیا	كُنْتُ أُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ فَإِذَا صَاحِبِي مَحْمُوْدٌ قَفَلَ الْحُجْرَةَ وَرَاحَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
میں نماز کے بعد جلدی سے اس کے پیچھے چلا اور اس سے کنجی لی	فَسِرْتُ مُسْرِعًا خَلْفَهُ بَعْدَ الصَّلٰوةِ وَأَخَذْتُ مِنْهُ الْمِفْتَاحَ
جو والدین کی اطاعت کرے وہ خوش نصیب ہے	اَلسَّعِيْدُ مَنْ أَطَاعَ الْوَالِدَيْنِ
اور جو نافرمانی کرے وہ بدبخت ہے	وَالشَّقِيُّ مَنْ عَصَاهُمَا
ایک شخص پہاڑ سے گرا	خَرَّ رَجُلٌ مِنَ الْجَبَلِ
اس کی ہڈیاں چور چور ہو گئیں	فَانْهَشَمَتْ عِظَامُهُ
زید کا حجرہ اتنا تنگ ہے کہ اس میں سونا بھی مشکل ہے	حُجْرَةُ زَيْدٍ ضَيِّقَةٌ حَتّٰى يَتَعَسَّرُ فِيْهِ النَّوْمُ
وہ دوسرے حجرہ میں جانا چاہتا ہے	يُرِيْدُ التَّحَوُّلَ إِلَى حُجْرَةٍ أُخْرٰى
عقلمند وہ ہے جو نہ دوسرے کو دھوکا دے اور نہ خود دھوکا کھائے	اَلْعَاقِلُ مَنْ لَا يَخْدَعُ وَلَا يُخْدَعُ

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
آپ کی پہلی عنایتیں مجھے جرأت دلاتی ہیں کہ آپ سے ایک نئے احسان کی خواہش کروں	أَفْضَالُكُمُ السَّابِقَةُ تُشَجِّعُنِي أَنْ أَطْلُبَ مِنْكُمْ مِنَّةً جَدِيْدَةً
اپنے ہمراہی کی تعریف کیجیے	صِفْ لنا صاحبكم هذا
یہ ایک نیک شخص ہے	هذا رجلٌ صالحٌ
جب انھوں نے مجھے آپ کے پاس آتے جاتے دیکھا تو ان کو بھی زیارت کا شوق ہوا	لَمَّا رَأَنِي أَتَرَدَّدُ إِلَيْكُمْ اشتاقَ إِلَى زِيَارَتِكُمْ
میں اس قابل نہیں کہ میرے پاس کوئی آئے	لَسْتُ أَهْلاً لِأَنْ يَزُوْرَنِي أَحَدٌ
تمہارا دل اگر ہم سے پھرا ہے تو ہمارا بھی خدا حافظ ہے	إِنْ مَالَ قَلْبُكَ عَنِّي فَاللهُ حَسْبِي
ہر کہ از چشم دور، از دل دور	الغائبُ عن البصرِ غائبٌ عن القلبِ
نداریم غیر از تو فریاد رس	لَا نَسْتَغِيْثُ إِلَّا بِكَ
سمندر جوش میں آیا اور اس کی لہریں پہاڑ کی طرح بلند ہو گئیں	هَاجَ البَحْرُ فَارْتَفَعَتْ أَمْوَاجُهُ كَالْجِبَالِ
قدر صحت را نداند ہر کہ او بیمار نیست	لَا يَعْرِفُ قَدْرَ الصِّحَّةِ مَنْ لَيْسَ لَهُ دَاءٌ
میں نے کپڑے دھو کر دھوپ میں پھیلائے تھے نہ معلوم وہاں سے بغیر پوچھے کس نے اٹھا لیے	نَشَرْتُ الثيابَ في الشمس بَعْدَ الغَسْلِ فَلَا أَدْرِي مَنْ أَخَذَهَا بِغَيْرِ إِذْنِي
میں ایک سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا تیرا کرتہ پیچھے سے پھٹ گیا اور میرا کرتہ آگے سے پھٹ گیا۔	كُنْتُ جَالِسًا تحت شَجَرَةٍ ظَلِيْلَةٍ فَقُمِيْصُكَ مِنْ دُبُرٍ وَقُدَّ قَمِيْصِي مِنْ قُبُلٍ
صبح کو کام شروع کرنے سے پہلے ناشتہ ضرور کر لیا کرو۔	عليكم بالفطورِ قبل الشروعِ في الأمورِ
تمہاری پگڑی پرانی ہو گئی	عِمَامَتُكَ قَدْ أَصْبَحَتْ عَتِيْقَةً

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
چاول اور مچھلی میں سے جس چیز کو تمہارا دل چاہے کھاؤ	كُلْ مَا اشْتَهَيْتَ مِنَ الْأَرُزِّ وَالسَّمَكِ
کوئی شخص کل تک اپنے زندہ رہنے کا ضامن ہے	مَنْ يَضْمَنُ لِنَفْسِهِ أَنَّهُ يَعِيْشُ إِلَى الْغَدِ
وہ ہوائیں چلتی ہیں جو کشتیوں کو مطلوب نہیں	تَجْرِي الرِّيَاحُ بِمَا لَا تَشْتَهِي السُّفُنُ
جب اس نے اپنے بھائی کو دیکھا آنسو بہ نکلے	لَمَّا شَاهَدَ أَخَاهُ ذَرَفَتْ دُمُوْعُهُ
چور پکڑا گیا اور قید خانہ کو سپرد کیا گیا	قُبِضَ اللِّصُّ وَأُوْدِعَ إِلَى السِّجْنِ
خدا اس نوکر کا برا کرے جو اپنے آقا کی خیانت کرے	قَبَّحَ اللهُ الْخَادِمَ الَّذِي يَخُوْنُ سَيِّدَهُ
جب دو چور جھگڑتے ہیں تو چوری کا پتہ چل جاتا ہے	اِذَا تَخَاصَمَ اللِّصَّانِ ظَهَرَ الْمَسْرُوْقُ
میں تمہارے جاگنے تک برآمدہ میں ہوا کھاتا ہوں	أَتَنَسَّمُ فِي الرُّصَافَةِ إِلَى وَقْتِ انْتِبَاهِكَ
بالائے قلعہ سے اس کو جھانکا	أَشْرَفْتُ عَلَيْهِ مِنْ أَعْلَى الْحِصْنِ
جو خود کھوٹا ہو وہ دوسروں کو کیا نصیحت کرے	كَيْفَ يَنْصَحُ غَيْرَهُ مَنْ غَشَّ نَفْسَهُ.
لیجیے میں آگیا ہوں جو وعدہ کیا ہے پورا کیجیے	هَا أَنَا أَتَيْتُكَ فَأَنْجِزْ مَا وَعَدْتَنِي
اس سے کان لذت پاتے ہیں، ان کی طرف طبیعتیں مائل ہوتی ہیں	تَسْتَلِذُّ بِهِ الْأَسْمَاعُ وَتَمِيْلُ إِلَيْهِ الطِّبَاعُ
میں نے دعا جیسی نافع شے کوئی نہیں دیکھی	لَمْ أَرَ كَالدُّعَاءِ أَعَمَّ نَفْعًا
اس نے جو یہ کام کیا ہے گذشتہ تاریخ میں اس کا پتہ نہیں.	هٰذَا الَّذِي فَعَلَهُ لَا يُؤَرَّخُ فِي مَا مَضٰى
میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کے چہرہ پہ نوچنے کے بہت نشان ہو رہے تھے.	رَأَيْتُ رَجُلًا فِي وَجْهِهِ خُمُوْشٌ كَثِيْرَةٌ
اس نے ایسا سانس بھرا کہ میرا کلیجہ نکلنے کو ہو گیا	تَنَفَّسَ نَفَسًا كَادَ يَنْزِعُ بِهِ كَبِدِي

نہایت ضروری اور مفید جملے

اردو	عربی
ہم نے یہ روئی کاتنے کے لئے دُھنکی ہے	قَدْ نَفَشْنَا هٰذَا الْعِهْنَ لِنَغْزِلَ
میں نے گھوڑے کو بالوں کا لگام دیا	أَوجَنْتُ الْفَرَسَ لِجَامَ شَعْرٍ
اُس نے طرح طرح کے پھول اور خوشبو لگائی	دعا بصنوفِ الرياحينِ والطّيبِ
میں دوپہر کو نکلا اور مطلع بھڑک رہا تھا	خَرَجْتُ فِي الْهَاجِرَةِ وَالْجَوُّ يَتَلَهَّبُ
اس کے سامنے کسی کو بات کرنے کی جرأت نہیں ہوتی	لَيْسَ أَحَدٌ يَجْتَرِئُ أَنْ يَتَكَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ
وہ شیر کی آواز سنتے ہی کودا اور تلوار کھینچی	سَمِعَ زَفِيرَ الْأَسَدِ فَوَثَبَ وَسَلَّ اسيفه
پرندے نے پر جھاڑے اور اُڑ گیا	انتقضَ الطائرُ جناحيهِ وطارَ
وہ نظر لگانے میں بہت سخت تھا	كان شديدَ الإصابةِ بالعينِ
